# نابالغ کوئی کفر یا گناہ کرے، تو اس پر کیا حکم ہوگا؟

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر کوئی نابالغ کفر و شرک یا کوئی اور کبیرہ گناہ کرتا ہے تو اس پر کیا حکم ہوگا؟

## جواب

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

سمجھدار نابالغ بچے کا بھی کفر و اسلام معتبر ہے، لہٰذا اگر سمجھدار نابالغ بچہ صریح کفر بک دے یا واقعی شرک میں مبتلا ہو جائے، تو وہ کافر ہو جائے گا، اس پر بھی توبہ و تجدید ایمان لازم ہے۔

نابالغ بچے کو گناہ کرنے سے روکا جائے گا البتہ اگر اس سے گناہ سرزد ہو جاتا ہے تو وہ گناہ گار نہیں ہوگا کیونکہ وہ مکلف نہیں ہے۔

علامہ ابنِ عابدین شامی دِمشقی رَحْمَۃُ اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ (سالِ وفات: 1252ھ/1836ء) لکھتے ہیں: "أن النص حرم الذهب والحرير على ذكور الأمة بلا قيد البلوغ والحرية والإثم على من ألبسهم لأنا أمرنا بحفظهم ذكره التمرتاشي" ترجمہ: نصِ حدیث نے سونے اور ریشم کو بغیر بلوغت یا آزادی کی قید کے حرام ٹھہرایا ہے۔ (لہٰذا بچے کے حق میں بھی حرام ہی ہے۔) اور گناہ اُس فرد پر ہے، جس نے بچوں کو ریشم یا سونا پہنایا، کیونکہ ہمیں بچوں کو گناہوں سے محفوظ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ (رد المحتار مع درمختار، کتاب الحظر والاباحۃ، جلد 9، صفحہ 598، مطبوعہ کوئٹہ)

امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری مدظلہ العالی لکھتے ہیں: "نابالغ سمجھدار کا کفر و اسلام معتبر ہے۔ میرے آقا اعلیٰ حضرت، امام اہلسنّت، مجدِدِ دین وملّت مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: سمجھدار بچہ اگر اسلام کے بعد کفر کرے، تو ہمارے نزدیک وہ مرتد ہوگا۔" (ماخوذ از فتاوٰی افریقہ ص 16) معلوم ہوا بالغ یا سمجھدار نابالغ کفر کرے تو مرتد ہو جائے گا۔" (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ 57، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

مزید لکھتے ہیں: "سات برس یا زیادہ عمر کا بچہ جو کہ اچھے برے کی تمیز رکھتا ہو وہ اگر کفر کرے گا تو کافر ہو جائے گا کیونکہ اُس کا کفر و اسلام معتبر ہے۔" (کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ 58، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2148

تاریخ اجراء: 28 رجب المرجب 1446ھ / 29 جنوری 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net